57th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



### براوو ٹرینیگو نائٹ رائیڈرز کے ہیڈ کوچ

کاراہین پریمیئر لیگ کے ایک عظیم کھلاڑی کے طور پر شاندار کیریئر کے بعد ڈوائن براوو اب ٹرینیگو نائٹ رائیڈرز (TKR) کے ہیڈ کوچ کے طور پر میدان میں اترے ہیں۔ سابق کھلاڑی اور موجودہ کوچ نے کہا کہ فارمولا سیدھا ہے — صحیح ماحول پیدا کریں، عالمی معیار کے کھلاڑیوں کو متحرک رکھیں، اور انہیں اپنے کھیل کا اظہار کرنے دیں۔ (تفصیلات اندر)



### ایم ایس دھونی سے رابطہ

سابق بی سی سی آئی صدر این سری نیواسن نے کرکٹ انتظامیہ میں دوبارہ قدم رکھا ہے، جب انہیں اس ہفتے کے آغاز میں چنئی سپر کنگز (CSK) کا چیئرمین مقرر کیا گیا۔ ٹی ۲۰ کرکٹ میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں جاری ہیں اور CSK کا ماننا ہے کہ سری نیواسن کی واپسی ٹیم کو دوبارہ فرینچائز کرکٹ کی چوٹی تک لے جائے گی۔ (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 242 | صفحات: 08 | ۷ ستمبر ۲۰۲۵ بروز اتوار بمطابق ۱۳ ربیع الاول ۱۴۴۷ | Sunday 07th September 2025 | جلد نمبر 57

## ہماچل پردیش میں لینڈ سلائنڈنگ سے تین کشمیری جان بحق

### لاشوں کو وقار کے ساتھ ہوائی جہاز سے اٹھانے کے انتظامات کیے گئے

سرینگر/ یو این آئی/ ہماچل پردیش کے کولو لینڈ سلائیڈنگ میں اپنی جان گنوانے والے تین کشمیری مزدوروں کی لاشیں ہفتے کی صبح سری نگر پہنچ گئیں جہاں سے ان کو اپنے آبائی گاؤں کنگن پہنچایا گیا۔ جب یہ لاشیں کنگن پہنچیں تو وہاں سینکڑوں کی تعداد میں لوگ جمع تھے اور مہلوکین کے احباب و اقارب زار و قطار رو رہے تھے خاص طور پر خواتین اپنے پیاروں کے غم میں نڈھال تھیں۔ گریز کے رکن اسمبلی نذیر احمد گریزی بھی کنگن پہنچے اور پسماندگان کے غم میں شریک ہوئے۔ واضح رہے کہ ہماچل پردیش کے کولو میں 4 ستمبر کو دو مکان لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آگئے تھے جس میں 12 سے 13 افراد کے پھنس گئے تھے جن میں سے 7 کا تعلق کشمیر سے تھے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ابھی 4 افراد ملبے کے نیچے پھنسے ہوئے ہیں جن کو نکالنے کا کام جنگی بنیادوں پر جاری ہے۔ جموں و کشمیر سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن نے اپنے ایک بیان میں کہا: ' ہم نے ان/ 1




## شالہ بگ ویٹ لینڈ کنزرویشن ریزرو میں چار افراد کو گرفتار کیا گیا

### آبی پرندوں کا شکار کرنے کی کوشش کا الزام، دو بوٹ اور کارتوس ضبط

سرینگر/ آبی پرندوں کے غیر قانونی شکار کرنے والوں کیخلاف کارروائی تیز کرتے ہوئے محکمہ وائلڈ لائف نے شالہ بگ ویٹ لینڈ میں چار افراد کو گرفتار کرلیا۔ سی این آئی کے مطابق محکمہ وائلڈ لائف نے ایک اہم کارروائی میں شالہ بگ ویٹ لینڈ کنزرویشن ریزرو میں چار افراد کو گرفتار کیا جو آبی پرندوں کے شکار کے مقصد سے اس علاقے میں داخل ہوئے تھے۔ حکام کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق یہ کارروائی 5 ستمبر کو شام کے قریب اس وقت ہوئی جب شالہ بگ رینج کی ایک گشتی پارٹی، جس کی سربراہی بلاک افسر شالہ بگ اعجاز احمد کر رہے تھے، نے دو کشتیوں کو ویٹ لینڈ میں روکا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم نے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا، جو محکمہ کی تحویل میں ہیں اور دو کشتیاں، شکاری پرندوں، زندہ کارتوسوں اور استعمال شدہ کارتوسوں سمیت قبضے میں لے لیں۔ بیان کے مطابق یہ کارروائی انتہائی تاریکی/ 3

## جموں و کشمیر لداخ میں عید میلاد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تقریب جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی

## رات بھر جاری رہنے والی شب خوانی کی محافل میں ہزاروں مرد و زن نے شرکت کی

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر اور لداخ میں ہفتے کے روز عید میلاد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تقریب مذہبی جوش و خروش، روحانی سرشاری اور بے پناہ عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ مساجد، خانقاہیں، امام بارگاہیں اور زیارت گاہیں چراغاں سے جگمگاتی رہیں، جب کہ درجنوں مقامات سے عظیم الشان جلوس برآمد ہوئے۔ لاکھوں عقیدت مندوں کی شرکت سے وادی کی فضائیں درود و سلام، نعتیہ کلام اور نعرۂ تکبیر و رسالت کی صداؤں سے معمور ہو گئیں۔ اس دن کی سب سے بڑی اور پرشکوہ تقریب درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی، جو جھیل ڈل کے کنارے پر واقع ہے اور جہاں حضور اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے موئے مقدس کی زیارت کی جاتی ہے۔ رات بھر جاری رہنے والی شب خوانی کی محافل میں ہزاروں مرد و زن نے شرکت کی۔ رات کی ٹھنڈ کے باوجود عقیدت مندوں نے وعظ و نصیحت، نعت خوانی، درود و سلام اور ختمات المعظمات میں بھرپور حصہ لیا۔ صبح کے وقت جب موئے مقدس (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زیارت کرائی گئی تو عاشقان رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے چہرے خوشی و سرور سے منور ہو گئے۔ آنکھوں میں آنسو، لبوں پر درود اور دلوں میں عقیدت کی شمعیں روشن تھیں۔ یہ وہ لمحہ تھا جس نے ہر عقیدتمند کے ایمان کو تازگی بخشی اور روحانی سکون عطا کیا۔ عید میلاد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے موقع پر وادی بھر میں جلوس ہائے میلاد نکالے گئے۔ جلوسوں کے دوران فضائیں "لبیک یا رسول اللہ"، "سرکار کی آمد مرحبا" اور "یا نبی سلام علیک" کے نعروں سے گونجتی رہیں۔ بچے سبز پرچم اور جھنڈیاں تھامے چل رہے تھے جبکہ بزرگ تسبیح و درود پڑھتے ہوئے



جلوس کا حصہ بنے۔ راستے بھر جگہ جگہ پانی، چائے، گرم دودھ اور لنگر کا اہتمام کیا گیا تھا۔ کئی مقامات پر مقامی دکانداروں نے اپنی دکانوں کے سامنے عاشقان رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے سبیلیں لگائیں۔ اس دن کی مناسبت سے منعقدہ مجالس میں علما و مشائخ نے حضور اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی سیرتِ طیبہ پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ رسول اللہ (ص) کی تعلیمات عالمِ انسانیت کے لئے روشنی کا مینار ہیں۔ انہوں نے اتحاد، بھائی چارہ، خدمتِ خلق اور انسانیت نوازی کو امت مسلمہ کے لئے ناگزیر قرار دیا۔ خطبا نے اس بات پر زور دیا کہ آج کے دور میں امت کو نفرت اور تقسیم کے بجائے محبت، رواداری اور اخوت کا پیغام عام کرنا چاہئے۔ حضرت بل کے علاوہ آثار شریف شہری/ 6

## قومی نشان کا استعمال سرکاری اداروں میں کیا جاتا ہے/ عمر عبداللہ

### کسی بھی مذہبی ادارے یا تقریب میں قومی نشان کو استعمال ہوتے ہوئے نہیں دیکھا



سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حضرت بل کے مزار پر نصب تختی پر قومی نشان موجود ہونے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ مذہبی اداروں میں سرکاری نشانات کا استعمال نہیں کیا جاتا ہے بلکہ ان کا استعمال سرکاری اداروں میں کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح لوگوں کے جذبات کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا ہے لہذا لوگوں سے معافی مانگی جانی چاہئے۔ وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار ہفتے کو جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں نامہ نگاروں کی طرف سے درگاہ حضرت بل میں نصب تختی پر قومی نشان موجود ہونے پر ہوئے تنازعے کے متعلق سوالوں کا جواب دینے کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا: 'میں نے ابھی تک کسی بھی مذہبی ادارے یا تقریب میں قومی نشان کو استعمال ہوتے ہوئے نہیں دیکھا ہے تو حضرت بل میں قومی نشان استعمال کرنے کی ضرورت ہی کیا تھی'۔ ان کا کہنا تھا: ' درگاہ حضرت بل کو یہ شکل شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ نے دی ہے لیکن کہیں ان کا کوئی پتھر نہیں لگا ہے لوگ آج بھی ان کے کام کو یاد کرتے ہیں'۔/ 4

## کتوں کی ایک ٹولی نے ایک نہیں ایک درجن افراد کو زخمی کیا

### زخمیوں میں نوجوانوں کے ساتھ بچے اور خواتین بھی شامل ہیں

سرینگر/ سی این آئی/ جوگی لنکر علاقے میں اس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب آوارہ کتوں کے کی ایک ٹولی نے مقامی شہریوں پر حملہ کر دیا، جس سے تقریباً 12 شہری زخمی ہو گئے۔ نمائندے کو عینی شاہدین نے بتایا کہ اس اچانک حملے میں کاٹے جانے والوں میں مرد، خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ زخمیوں کو فوری طور پر علاج کیلئے مختلف اسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ اس واقعہ سے علاقے بھر کے لوگوں میں خوف و ہراس کی لہر دوڑ گئی ہے جبکہ آبادی خاص طور پر بچے اور بزرگ گھروں میں ہی محصور ہو گئے ہیں۔ مقامی لوگوں نے الزام عائد کیا کہ حکام شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ مقامی لوگوں نے کہا کہ چند ہفتوں میں ہمیں اس طرح کے واقعات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آج ہمارے درجنوں پڑوسی جن میں بچے بھی شامل ہیں ہسپتال میں ہیں۔

## ہندوستان کے ساتھ تعلقات اہم، مودی اچھے دوست/ ٹرمپ

### وائٹ ہاؤس میں ہندوستان کے ساتھ تعلقات کو ''بہت خاص'' قرار دیا



نئی دہلی/ یو این آئی/ امریکہ کی جانب سے ہندوستان پر زیادہ محصولات عائد کئے جانے کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران، صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے ہندوستان کے ساتھ تعلقات کو خاص قرار دینے اور وزیر اعظم نریندر مودی کو اچھا دوست کہنے والے بیان اور اس پر وزیر اعظم مودی کے مثبت جواب کے بعد، اس مسئلے کے حل کی امید بڑھ گئی ہے۔ جمعہ کے روز، اپنے پہلے دیے گئے بیان سے صرف بارہ گھنٹے کے اندر صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں ہندوستان کے ساتھ تعلقات کو ''بہت خاص'' قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ اور وزیر اعظم نریندر مودی ہمیشہ اچھے دوست رہیں گے۔ انہوں نے وزیر اعظم مودی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک عظیم وزیر اعظم ہیں۔ دونوں ملکوں کے تعلقات کے بارے میں/ 2

## مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث شخص PSA کے تحت گرفتار

### حراست میں لیکر سینٹرل کورٹ بلوال جیل میں بند رکھا گیا

جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر پولیس نے ضلع کٹھوعہ میں متعدد مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ایک عادی مجرم کے خلاف پبلک سیفٹی ایکٹ (پی ایس اے) کے تحت مقدمہ درج کیا ہے اور اس کو گرفتار کر کے کوٹ بلوال جیل جموں میں بند کر دیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ ضلع مجسٹریٹ کٹھوعہ کی ہدایت پر ملزم عبدالغنی ولد علی حسین ساکن جگت پور کٹھوعہ کے خلاف ایک وارنٹ جاری کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع مجسٹریٹ نے یہ وارنٹ ضلع پولیس کٹھوعہ کی طرف سے ڈوزیئر حاصل کرنے کے بعد جاری کی۔ موصوف ترجمان نے کہا کہ اس وارنٹ پر کارروائی کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن لکھن پور کی ایک ٹیم نے ایس ایچ او کی قیادت میں ملزم کو گرفتار کیا اور مذکورہ وارنٹ کو جموں و کشمیر پبلک سیفٹی ایکٹ 1978 کے سیکشن 8(1)(A) کے تحت عملی جامہ پہنایا۔ بیان میں کہا گیا کہ ملزم ایک عادی اور کٹر مجرم تھا اور پولیس اسٹیشن کٹھوعہ اور لکھن پور میں اس کے خلاف مختلف دفعات کے تحت 6 مقدمے درج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کو گرفتار کر کے سینٹرل کوٹ بلوال جیل جموں میں بند رکھا گیا۔

## ''آپریشن سندور'' میں تینوں افواج کے درمیان شاندار تعاون/ ائر چیف

### فوجی طاقت کی اہمیت ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتی جارہی ہے



سرینگر/ یو پی آئی/ فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل امر پریت سنگھ نے کہا ہے کہ ''آپریشن سندور'' بھارت کی ناقابلِ شکست طاقت اور مسلح افواج کی غیر معمولی مہارت کا عملی ثبوت ہے، جس نے دشمن کو تیز، درست اور فیصلہ کن ضربیں لگانے کی بھرپور صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ ایئر چیف مارشل سنگھ ہفتے کے روز آفیسرز ٹریننگ اکیڈمی چنئی میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کا جائزہ لے رہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے تینوں مسلح افواج کے درمیان مثالی ہم آہنگی اور آپریشن کے دوران شاندار تعاون کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ "آپریشن سندور نے تینوں افواج اور دیگر ایجنسیوں کے درمیان بہترین تال میل اور مربوط حکمت عملی کو دنیا کے سامنے رکھا۔/ 5

## جھیل ولر میں دو افراد کی گمشدگی، ڈوب کر لقمہ اجل ہونے کا خدشہ

### کپوارہ میں کم سن لڑکا تالاب میں گر کر جان بحق، رام بن میں نالہ میں گر کر آفیسر کی موت

سرینگر/ جے کے این ایس/ کپواڑہ کے کنڈی ڈرگمولہ علاقے سے ہفتہ کے روز ایک افسوسناک واقعہ کی اطلاع ملی جب ایک 8 سالہ لڑکا گھر کے باہر کھیلتے ہوئے تالاب جیسے گڑھے میں پھسل کر جان کی بازی ہار گیا۔ افسران نے بتایا کہ لڑکے کی شناخت طحہ عابد پیر کے نام سے ہوئی ہے جسے بے ہوشی کی حالت میں تالاب سے نکالا گیا۔ اسے فوری طور پر پی ایچ سی کنڈی لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ اس دوران بانڈی پورہ ضلع کے بانیاری سمبل علاقے میں ہفتہ کو وولر جھیل میں 2 افراد ڈوب گئے۔ حکام نے بتایا کہ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب دونوں وولر جھیل میں داخل ہوئے اور واپس نہیں آئے۔ اطلاع کے بعد بانڈی پورہ سے پولیس کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں تاکہ فوری بچاؤ کی کوششیں کی جائیں۔ حکام نے ریاستی ڈیزاسٹر رسپانس فورس کو بھی الرٹ کر دیا ہے۔ ادھر ہفتہ کی صبح رام بن ضلع کے رامسو سیکٹر میں ایک اسپیشل پولیس آفیسر کی ایک نالے میں گرنے سے موت واقعہ ہوگئی۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ ایس پی او سنیتر سنگھ ولد مرحوم میر چند ساکن لورو تحصیل رامسو، جو کہ پولیس پکٹ لورو میں تعینات تھا، چوکی کے قریب پھسل کر ایک نالے میں گر گیا، ذرائع نے بتایا کہ اس واقعے کے نتیجے میں ان کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔

## نامعلوم افراد کیخلاف تھانے میں مقدمہ درج

### حضرت بل میں حفاظتی اقدامات

سرینگر/ جے کے این ایس/ جموں و کشمیر پولیس نے ہفتہ کو نامعلوم افراد کے خلاف بھارتیہ نیا سنہتا (بی این ایس) اور قومی عزت کی توہین کی روک تھام کے قانون کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ جمعہ کے روز حضرت بل میں پیش آنے والے واقعے میں ایف آئی آر نمبر 2025/76 کے تحت نگین پولیس اسٹیشن میں ایک کیس درج کیا گیا ہے۔

## ٹورسٹ ایریا کے وسط میں بچھوارہ پینے کے پانی کیلئے ترساں

### پانی کی قلت بن گئی مصیبت، واٹر اتھارٹیز خواب غفلت میں

سرینگر/ پچھلے کئی مہینوں کے دوران کبھی گرمی اور کبھی بارش کے ہوتے ہوئے عام لوگوں کی زندگی میں خلل سے لوگ پریشان حال تو تھے ہی مگر پینے کے پانی کی عدم فراہمی سے صورت حال نے سنگین رُخ اختیار کیا۔ اس سلسلہ میں ڈلگیٹ کے ارد گرد علاقوں خصوصاً اندرونی حصہ بچھوارہ میں سرکاری نلوں سے پانی کی ایک ایک بوند کیلئے لوگ تڑپتے رہے۔ یہ بات حیران کن ہے کہ متاثرہ علاقے بلیوارڈ کے گرد و نواح میں ٹورازم کے حوالہ سے خاص درجہ رکھتے ہیں۔ یہاں نہ صرف لوگوں کی بڑی تعداد مقیم ہے بلکہ ہوم سٹے کے تحت درجنوں گھرانوں میں سیاح قیام و طعام کرتے ہیں۔ پانی کی مسلسل عدم دستیابی سے ایک جانب بچے کھچے سیاح بھاگ رہے ہیں دوسری جانب مقامی لوگ نہانے اور ہاتھ دھونے کیلئے پانی سے محروم ہیں۔ اکثر گھرانوں کو پینے کے پانی کیلئے دُور جا کر بھی شام کو خالی ہاتھ واپس لوٹنا پڑتا ہے۔ محکمہ جل شکتی کی طرف سے پانی کی فراہمی کے دعوے کھوکھلے ثابت ہو رہے ہیں۔

## 7 اور 8 ستمبر کو جموں و کشمیر میں کچھ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارشیں ہوسکتی ہیں/ ماہرین

### ندی نالوں اور کمزور تعمیراتی ڈھانچوں کے نزدیک جانے سے پرہیز کرنے کا مشورہ

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر میں موسمی صورتحال بتدریج بہتر ہو رہی ہے اور اس دوران محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ یونین ٹریٹری میں 12 ستمبر تک موسم میں کسی خاص تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ محکمے نے اپنی ایڈوائزری میں لوگوں سے دریاؤں، ندی نالوں اور کمزور تعمیراتی ڈھانچوں کے نزدیک جانے سے پرہیز کرنے کا مشورہ دیا ہے جبکہ کسانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ 9 ستمبر کے بعد اپنے کھیت کھلیانوں اور باغوں میں کام شروع کریں۔ متعلقہ محکمے کے ایک ترجمان نے بتایا کہ جموں و کشمیر میں 6 ستمبر کو کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارشوں کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ 7 اور 8 ستمبر کو جموں و کشمیر میں کچھ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارشیں ہوسکتی ہیں جبکہ جموں صوبے کے کچھ اضلاع میں صبح اور شام کے وقت درمیانی درجے کی بارشوں کا امکان ہے۔ موصوف ترجمان نے بتایا کہ بعد میں 9 سے 12 ستمبر تک کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارشوں کے مرحلے متوقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں مجموعی طور پر 12 ستمبر تک کسی موسم میں کسی خاص تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ محکمے نے اپنی ایڈوائزری میں کہا کہ جموں و کشمیر میں کہیں کہیں لینڈ سلائیڈنگ اور چٹانیں کھسک آنے کے بھی خطرات ہیں۔ ایڈوائزری میں لوگوں سے دریاؤں، ندی نالوں اور کمزور تعمیراتی ڈھانچوں کے نزدیک جانے سے پرہیز کرنے کا مشورہ دیا ہے جبکہ کسانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ 9 ستمبر کے بعد اپنے کھیت کھلیانوں اور باغوں میں کام شروع کریں۔ دریں اثنا وادی میں ہفتے کی صبح سے ہی مطلع جزوی طور پر ابر آلود لیکن موسم خشک رہا۔

## آسمان پر پاکستانی ڈرون کی پرواز کے فوراً بعد زمین پر آپریشن

### ہتھیار یا ادویات کے گرائے جانے کے امکانات کے تحت فوری کارروائی

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر کے ضلع سانبہ میں جمعہ کی شب ایک مشتبہ پاکستانی ڈرون دیکھے جانے کے بعد فوج اور پولیس نے مشترکہ سرچ آپریشن شروع کیا۔ ذرائع کے مطابق یہ ڈرون شام 9 بج کر 35 منٹ پر باری برہمنہ علاقے میں قائم فوجی چھاؤنی کے اوپر تقریباً 700 میٹر کی بلندی پر مغرب سے مشرق کی طرف پرواز کرتا ہوا نظر آیا۔ واقعہ کے فوراً بعد فوج کی کوئیک ری ایکشن ٹیموں کو الرٹ پر رکھا گیا اور پولیس کو بھی مطلع کیا گیا۔ اس کے بعد دونوں ایجنسیوں نے مشترکہ طور پر بڑے پیمانے پر تلاش شروع کی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ڈرون کے ذریعے ہتھیار یا منشیات گرا دیے گئے ہوں تو ان کا سراغ لگایا جا سکے۔ ذرائع نے بتایا کہ علاقے میں تلاشی کارروائی رات بھر جاری رہی اور حساس تنصیبات کے ارد گرد سیکورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ سرحدی اضلاع میں حالیہ برسوں کے دوران ڈرون سرگرمیوں میں اضافہ ہوا ہے جنہیں اکثر ہتھیاروں، گولہ بارود اور منشیات کی اسمگلنگ کے لئے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔

## دانش شیخ کی شادی خانہ آبادی

### سرینگر ٹائمز کے اہل خانہ کی طرف سے مبارک باد

معروف ہوٹل ''پیراڈائز'' بلیوارڈ سرینگر کے بانی اور سابق کنٹریکٹر شیخ محمد صدیق مرحوم کے پوتے مسٹر دانش شیخ (فرزند شیخ فاروق احمد) کی شادی خانہ آبادی کے موقعہ پر جہاں دوست احباب نے اس موقعہ پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے وہاں سرینگر ٹائمز کی فیملی کی جانب سے شیخ خاندان کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے دُعا کی جاتی ہے کہ مسٹر دانش شیخ کی ازدواجی زندگی سدا خوشیوں سے مالا مال ثابت ہو۔ آمین

